© rasailojaraid.com

# محترم راجہ محمد ظفر الحق کا خصوصی پیغام

محترم جناب ابو عمار زاہد الراشدی صاحب          السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مجھے یہ جان کر نہایت خوشی ہوئی کہ آپ سہ ماہی الشریعہ علمی و فکری جریدہ کو پندرہ روزہ کے طور پر یکم جنوری ۱۹۹۹ء سے اہل وطن خاص کر شریعت حقہ کے پروانوں کی روحانی ضیافت کے لیے منصہ شہود پر لا رہے ہیں اور اس کا آغاز انٹرنیٹ پر بھی کر رہے ہیں جو ایک کار مہمہ ہے۔ میں آپ کو اور آپ کے رفقاء کو اس مجلّہ کی اشاعت پر قلبی مبارکباد پیش کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ آپ اپنے مقاصد میں کامیاب و کامران ہوں۔ آمین۔

ملک میں الحمد للہ تعالیٰ نفاذ شریعت کے لیے مساعی محترم وزیراعظم پاکستان محمد نواز شریف کی بے لوث قیادت میں تیز تر کر دی گئی ہے اور میں وثوق سے کہتا ہوں کہ بہت جلد شریعت اسلامیہ کو ملک کا عظیم ترین قانون بنا دیا جائے گا اور اس کے ثمرات سے اہل پاکستان بہرہ ور ہوں گے۔

مجھے امید ہے کہ آپ الشریعہ کے پہلے شمارے میں ایسے مضامین شائع کریں گے جو ملک میں باہمی محبت، رواداری کے فروغ کا باعث بنیں گے اور فرقہ واریت، باہمی تنفر کی فضا کو ختم کرنے کی سعی جمیلہ فرمائیں گے۔

والسلام، راجہ محمد ظفر الحق

وزیر مذہبی امور زکوٰۃ و عشر و اقلیتی امور

حکومت پاکستان ۔ اسلام آباد

© rasailojaraid.com